میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

جامعہ نے 2016-17 کے لئے آئی اے ایس ماک انٹرویو پروگرام مکمل کیا

نئی دہلی (پریس ریلیز)

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رہائشی کوچنگ اکیڈمی آر سی اے نے 2016-17 کے لئے آئی اے ایس فرضی انٹرویو پروگرام کو کامیابی سے مکمل کیا۔اس میں ان 55 طلباء کو تربیت دی گئی جنھوں نے حال ہی میں یو پی ایس سی کے تحریری امتحان مینس میں کامیابی حاصل کی ہے۔

آر سی اے اقلیتوں، درج فہرست طبقات و درج فہرست قبائل کے لوگوں اور خواتین کو آئی اے ایس امتحانات کے لئے تربیت دیتی ہے۔اس کے لئے جامعہ نہ صرف تعلیم کے لئے ماہر اساتذہ کی خدمات فراہم کرتا ہے بلکہ باقاعدہ امتحانات لیتا ہے اور ماہرین کے لیکچرز کراتا ہے۔اس کے تحت ماک انٹرویو ہوتے ہیں اور طلباء کو چوبیس گھنٹے لائبریری کی سہولت مہیا کرائی جاتی ہے۔

یہی نہیں سینٹر ان تمام طلباء کو مفت ہاسٹل کی سہولت بھی دیتا ہے۔

گزشتہ 5 سالوں میں سینٹر سے تربیت یافتہ طلباء میں سے تقریبا 50 سول سرونٹ اور 127 فرسٹ رینک افسران کے طور پر مرکزی اور ریاستی حکومتوں نے منتخب کیا ہے۔

سینٹر کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد طارق نے کہا کہ محنت کے ذریعے پائی گئی اس کامیابی کے لئے سینٹر کو فخر ہے۔

جاری کردہ:

ڈپٹی میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی